علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد
(شعبۂ پاکستانی زبانیں)

وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1- **اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔**

2- **کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔**

کورس: بلوچ تہذیب وثقافت، زبان وادب (کورس کوڈ:6596) سمسٹر: بہار2026ء

سطح: بی ایس

(ہدایت نامہ برائے طلبہ)

براہ مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔ (ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1۔ تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں، البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (PDF یا Word فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔

5۔ مقررہ تاریخ کے بعد/ تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہوسکیں گی، جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہوگا۔

6۔ آپ کے تجزیاتی اور تنقیدی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7۔ غیر متعلقہ بحث/ معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر:100 | کامیابی کے نمبر:50

امتحانی مشق نمبر1

سوال نمبر1- بلوچی زبان کے بارے میں مختلف ماہرین کی آراء پر روشنی ڈالیں۔ 20

سوال نمبر2- بلوچ سماج میں عورت کے مقام و مرتبہ کی وضاحت کریں۔ 20

سوال نمبر3- بیبرگ و گراناز اور عزت و مہرک کی داستان اپنے الفاظ میں بیان کیجیے نیز اس میں پنہاں اسباق پر بھی روشنی ڈالیے۔ 20

سوال نمبر4- بلوچی میں حمد نگاری کی روایت کا محاکمہ کیجیے۔ 20

سوال نمبر5- لوک ادب کی تعریف کریں اور بلوچی لوک گیتوں کو مثالوں کے ساتھ تحریر کیجیے۔ 20

امتحانی مشق نمبر2

کل نمبر:100 | کامیابی کے نمبر:50

سوال نمبر1- جام درک اور مست توکلی کی حیات و شاعری پر جامع مضمون لکھیے۔ 20

سوال نمبر2- جدید بلوچی شاعری کا پس منظر بیان کیجیے اور سید ظہور شاہ ہاشمی اور مراد ساحر کے فن و فکر پر اظہارِ خیال کیجیے۔ 20

سوال نمبر3- ناول کے فنی محاسن بیان کرتے ہوئے بلوچی میں ناول کی روایت تحریر کیجیے۔ 20

سوال نمبر4- بلوچی میں سیرت النبی ﷺ کی روایت پر مفصل نوٹ تحریر کیجیے۔ 20

سوال نمبر5- گوادر، ہنہ جھیل اور ہنگول نیشنل پارک بلوچستان کے اہم سیاحتی مراکز ہیں، اس بارے میں اپنے مطالعے کا نچوڑ پیش کیجیے۔ 20